# MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT
## CANTONMENT BOARD PESHAWAR

5-Capt. Abdul Jalil Shaheed Road Peshawar Cantt
Phone No.(091)9212784-85, Fax no.+92-91-9212799, UAN: 111-123-CBP (227)
https://peshawar.cantonment.gov.pk/en email: info@cbp.gov.pk


No. 28/2/Media Cell/ 2024/45863 Dated 17 Dec, 2024

M/s G.S Advertising Associates (Pvt) Ltd,
Peshawar. Ph # 091-2552670

The Deputy Director (M&IMP), PPRA,
1st Floor, FBC Building, Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad. (For uploading on PPRA Web Site).

Subject: - **PUBLICATION OF NOTICE:**

Reference: Govt of Pakistan, Min of Info & Broadcasting PID letter No. F.No.15 (35)/2017-Advt dated 7th may 2024

Please arrange the publication of attached advertisement notice in the following news paper(s) and according to the following requirements: -

| Sr | Name of Newspaper(s) | Date of Publication | Language | No. of Insertion | Size |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Daily Express Tribune | 20/12/2024 | Urdu/ English | ONE (Inner Page) | Minimum |
| 2. | Daily Aaj | 20/12/2024 | -do- | -do- | -do- |

2. It is requested that the notice may be published in the above newspapers as these are widely read as a result thereof the desired purpose can be achieved. The publication of notice in the newspapers other than specified above cannot achieve the desired purpose, as such; you are requested to please do not change the newspapers for publication of the notice.

3. As funds are only available to meet the cost of advertisement to the extent of requirement specified above, the undersigned will not accept the claim received over and above the given requirement. You are, therefore, requested to please strictly adhere to the specified requirement.

4. It is certified that necessary funds within the sanctioned Budget/Grant are available to meet the entire cost of advertisement only for the above newspapers, as such above advertisement may please be got published in above daily newspapers only. The bill may please be forwarded to the undersigned for payment in due course of time.

5. You are also requested to provide advertisement clippings of above said newspapers to this office well in time.

**FOR PPRA ONLY:** Please upload the attached Adv (Tender / Quotation) at PPRA Website.

**Encl:** (Advertisement)

Encl: **(As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Peshawar**

Copy to: -

1. The Accounts Branch, CB Psc
2. Incharge Media Cell - (To upload the advt. on CBP website)

# کنٹونمنٹ بورڈ پشاور

## نیلام برائے سٹریٹ لائٹ پول پر LED's / SMD's کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کینٹ

عوام الناس کو بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مندرجہ ذیل سٹریٹ پول پر LED's / SMD's کے حقوق وصولی فیس کی نیلامی برائے مدت (03) سال مورخہ 14 جنوری 2025 بوقت 11:00 بجے کنٹونمنٹ بورڈ پشاور چھاؤنی منعقد کر رہا ہے جسکی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | سائز | پول مقامات | کُل تعداد پول | کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | (03'x06') | مال روڈ (APS Junior سے CMH چوک تک) | (47 عدد) | 10 لاکھ |
| 2 | (03'x06') | خیبر روڈ (امن چوک تا ٹرے پل) وارسک روڈ، شامی روڈ، شیر خان روڈ | (103 عدد) | 10 لاکھ |
| 3 | (03'x06') | خیبر بازار، جیل پل چورنگی تا پشاور میوزیم | (31 عدد) | 5 لاکھ |

**شرائط و ضوابط:**

1۔ تمام بولی دہندگان بولی سے 03 دن پہلے، زرِ ضمانت بشکل پے آرڈر (پشاور کینٹ / پشاور سٹی کی کسی بھی برانچ کا ہونا ضروری ہے) بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پشاور بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی (2 سال کی بینک سٹیٹمنٹ اور Updated NTN سرٹیفیکیٹ) دفتر ھذا کی ریونیو برانچ (رینٹ سیکشن) میں جمع کروائے گا۔ اور اگر کسی دوسرے شخص کی جگہ نیلامی میں حصہ لے گا تو وہ اس کی طرف سے مختیار نامہ یا اتھارٹی لیٹر مہیا کرے گا۔ بولی میں صرف بینک سے تصدیق شدہ CDR / پے آرڈر (پشاور کینٹ / پشاور سٹی کی کسی بھی برانچ کا ہونا ضروری ہے) والے دہندگان حصہ لینے کے مجاز ہوں گے۔

2۔ بولی ایک سال کے لئے کی جائے گی، جس پر اگلے سال کیلئے 10% اضافہ کیا جائے گا۔

3۔ بولی دہندگان کا شناختی کارڈ کے نام کے مطابق پے آڈر / بینک ڈرافٹ بشکل کال ڈیپازٹ قبل از بولی موقع پر جمع کرانا ہوں گے جو کہ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دیا جائے گا۔

4۔ اوّل اور دوم نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کی زرِ ضمانت بولی کے اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی کُل رقم کا ¼ حصہ موقع پر اسی دن جمع کرانا ہوگا جو کہ تیسرے سال کے آخری 04 ماہ کے کرایہ / ٹھیکہ کی رقم میں ایڈجسٹ کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ موقع پر ¼ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرِ ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب بولی کی رقم جمع کروانے کا کہا جائے گا۔ اگر وہ بھی بولی کی رقم جمع کروانے کا کہا جائے گا، اگر وہ بھی بولی کی رقم جمع کروانے میں ناکام رہا تو اُسکا بھی زرِ ضمانت ضبط کر لیا جائے گا اور دیگر کم بولی دہندگان کا زرِ ضمانت واپس کر دیا جائے گا۔

6۔ مقررہ ٹھیکہ کی معیاد پوری ہونے کے بعد اُس صورت میں سکیورٹی کی رقم واپس کر دی جائے گی کہ اُس کے ذمہ کینٹ بورڈ کے واجبات / بقایا جات نا ہوں۔

7۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 07 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہو گی، کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق ٹھیکہ کی متعلقہ سال کی رقم کا انکم ٹیکس ٹھیکہ کی منظوری کے 07 یوم کے اندر ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہو گا، سات یوم کے اندر اندر تمام شرائط پوری نا کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے 07 یوم کے اندر اندر پوری (تین / 03) سال کے ٹھیکہ کے پوسٹ ڈیٹڈ چیک دفتر ھذا کو جمع کرائے گا اور بولی کی رقم کا 10% بطور سکیورٹی کے جمع کرانا ہوں گے جو کہ ٹھیکہ کی کامیاب تکمیل کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔

9۔ ٹھیکہ کے حقوق عرصہ (تین 03) سال کیلئے ہوں گے اور اس مدت کے اختتام پر ٹھیکہ دار تمام سٹرکچر اپنے خرچ پر ہٹانے کا پابند ہو گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی دوسرے شخص کو ٹھیکہ Sublet نا کر سکے گا اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ کے حقوق منتقل کر سکے گا۔

11۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ھذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔

Scanned with CamScanner

12۔ کامیاب بولی دہندہ کو LED's / SMD's کی تنصیب کیلئے تین ماہ یا بورڈ کی منظوری سے جو فیصلہ کیا جائے گا کی رعایتی مدت دی جائے گی اور اسکے بعد اسکا ماہانہ کرایہ شروع ہوگا۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ کو LED's / SMD's سے متعلق پاکستان انجینئرنگ کونسل سے رجسٹرڈ شدہ فرم SMD's / LED's Certificate Structure Stability انسٹالیشن کے بعد مہیا کرنا ہوگی۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ کو ایسی کسی بھی Publicity کی اجازت نہ ہوگی جو کہ اسلامی اصولوں، پاکستانی قانون اور لوکل کلچر سے متصادم ہو۔

15۔ ٹھیکہ دار روزانہ کی بنیاد پر بورڈ کی مرضی کے اوقات میں ایک گھنٹے کے لئے کینٹ بورڈ کے Publicity, Image Building میٹیریل چلانے کا پابند چلانے کا پابند ہوگا، نیز Special Occasion, Special Events پر یہ اوقات مفاد عامہ کیلئے زیادہ وقت اور کچھ خاص دنوں کیلئے بڑھائے جاسکتے ہیں۔

16۔Publicity کے حوالے سے گورنمنٹ کی پالیسی کو فوقیت دی جائے گی۔

17۔ کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی پانچ (05) تاریخ کو ٹھیکہ کی قسط ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہوگا، دس (10) تاریخ سے لیٹ جمع کرانے کی صورت میں مبلغ-/5000 روپے فی دن کے حساب سے لیٹ فیس / جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

18۔ موجودہ سکیورٹ حالات کی وجہ سے کنٹونمنٹ بورڈ کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

19۔ کامیاب بولی دہندہ کو لائسنس اور این-او-سی (NOC) متعلقہ محکموں سے اپنے خرچے پر لینے ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ٹھیکہ دار کی ہوگی اور کینٹ بورڈ اس ضمن میں کسی قسم کا ذمہ دار تصور نہ ہوگا۔

20۔ کنٹونمنٹ بورڈ کا نادہندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

21۔ زیرِ دستخطی کینٹ بورڈ پشاور کسی بھی بولی کو تکنیکی / انتظامی بنیاد پر مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

22۔ مندرجہ بالا شرائط وضوابط میں کسی بھی ایک شرط پر پورا نہ اُتر سکنے کی صورت میں زرِ ضمانت بمعہ جمع کردہ 1/4 بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

23۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے نیز نوٹس نیلام عام پیپرا ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

24۔ دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس کی رینٹ برانچ سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے / مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوسری بولی مورخہ 15 جنوری 2025 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بولی نہ ہوسکی تو تیسری بولی مورخہ 16 جنوری 2025 کو ہوگی اور اسکے لئے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر:

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

پشاور کینٹ

Cantt; Executive Officer
Peshawar